جناب محمد علی خان : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب چیرمین ! میں محترم وزیر داخلہ کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ملک میں امن و امان کی صورتحال کو اس معزز ایوان میں زیر بحث لا کر ہم سب کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع عطا فرمایا۔ جناب والا ! یہ دوسری بار ہے جب انہوں نے ہمیں ایسا موقع عطا فرمایا۔ اس سے قبل بھی انہوں نے ملک میں داخلی صورتحال پر ایک ڈیبیٹ کرائی تھی

جس میں اس معزز ایوان کے اراکین نے اپنے خیالات کے اظہار سے بہت سے مفید مشورے بھی حکومت کو دیئے تھے جہاں تک ان پر عمل درآمد کا تعلق ہے وہ تو اللہ تبارک وتعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ ان پر کہاں تک عمل درآمد کیا گیا کیونکہ ہمارا کام تو صرف مشورہ دینا ہی ہے باقی اس پر عمل کرنا یا نہ کرنا حکومتِ وقت کا کام ہے۔

جناب والا! امن وامان کا مسئلہ نہایت ہی اہم اور اس کے ساتھ نہایت ہی نازک مسئلہ ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ اس میں افراط وتفریط نہ کریں بلکہ جو بھی صحیح صورت حال ہو وہ اس ایوان میں پیش کریں اگر اس میں ہم کوئی کوتاہی کریں گے کوئی کمی کریں گے، کوئی چیز چھپانے کی کوشش کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہماری بدنیتی یا بددیانتی پر محمول ہوگی۔ اگر ہم واقعات کو بڑھا چڑھا کر پیش کریں جن کی کوئی حقیقت نہیں ہے تو اس سے ملک وقوم کو بہت زیادہ نقصان اٹھانے کا احتمال ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ بہت احتیاط سے کام لیتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس موقع پہ مجھے اقبال ساجدؔ کی غزل کا ایک شعر یاد آیا ہے کہ:

ے
کچھ کہنا بھی ایک گناہ، چپ رہنا بھی ایک گناہ
اپنے آپ سمندر ہو کر خود بہنا بھی ایک گناہ

جناب والا! کسی بھی ملک کی ساکھ اس کی اندرونی صورت حال کی کسوٹی پر پرکھی جاتی ہے۔ اگر وہاں پر امن وامان ہو تو یقیناً وہاں کے عوام خوشحال اور فارغ البال ہوں گے۔ یعنی جب سیاستدان تعمیری تنقید کی طرف، مزدور مزدوری کی طرف، تاجر تجارت کی طرف، طلبا تعلیم کی طرف، اساتذہ تربیت کی طرف اور ملازم پیشہ افراد اپنے فرائض منصبی کی طرف یکسوئی کے ساتھ متوجہ ہوں تو یقیناً وہاں خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ لیکن اگر فرض محال وہاں امن وامان سرے سے ہی مفقود ہو، تو پھر اس ملک کا خدا حافظ ہے۔ جہاں تک وطن عزیز کا تعلق ہے یہ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ کوئی فرد واحد بھی بلا خوف وتردید یہ دعویٰ ہرگز نہیں کر سکتا کہ یہاں پر سب اچھا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ حالات اتنے خراب نہیں

[Mr. Mohammad Ali Khan]

ہیں جتنا کہ حکومت کے سیاسی مخالفین اور بعض اخبارات ہمیں باور کرانے کی کوششیں کر رہے ہیں۔

جناب والا! اس سے قبل بھی ملک میں امن و امان کی صورت حال کوئی قابل تحسین نہیں تھی۔ یعنی اس حکومت کو یہ سب چیزیں جو پرانے نام نہاد عوامی حکومت کے دور فتن کے باقیات الصالحات ہیں، ورثہ میں ملی ہیں۔ مارشل لا کے دور میں یہ چیزیں وقتی طور پر بقدر قلیل دب گئی تھیں لیکن اب پھر انہوں نے سر اٹھانا شروع کر دیا ہے جس کا تذکرہ آج کل بڑے شور و غوغا کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔ جناب والا! یہی لوگ کہتے ہیں کہ جس طرح بدایوں کے پیڑے مشہور ہیں اور موتی چور کے لڈو۔ اسی طرح آج کل پشاور میں بم بلاسٹ، پاک افغان سرحد پر گولہ باری اور ہوائی حملے اور سندھ کے ڈاکے عالمی شہرت پا چکے ہیں۔

جناب والا! صورت حال یہ ہے کہ صوبہ سرحد میں جب لوگ پلوں پر سے گزرتے ہیں تو یقین جانیئے کلمہ شہادت پڑھتے ہیں۔ لیکن اب لوگ ان بم بلاسٹ اور دھماکوں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ 'درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا' کے مصداق اب اسے روزانہ کی روٹین سمجھنے لگے ہیں۔ اسی طرح ہوائی سفر بھی اب زمینی سفر سے کچھ مختلف نہیں۔ جب لوگ ہوائی جہازوں پر چڑھتے ہیں تو مسافر حیران و پریشان ہوتے ہیں کہ آیا وہ منزل مقصود پہ پہنچ سکیں گے یا کہیں اور لوگوں پر ایک عجیب سا خوف طاری ہو گیا ہے جس کو ان کے دلوں سے نکالنے کے لئے کافی وقت درکار ہوگا۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری شامت اعمال کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ لوگوں کے دلوں سے خوف خداوندی نکل چکا ہے اور اسی وجہ سے یہ متعدد خوفوں میں گھر چکے ہیں۔ علامہ اقبال نے کیا خوب کہا ہے:

ع اک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

جناب والا! رشوت ستانی انتہا کو پہنچ گئی ہے۔ آج کل اپنے حقوق کی حفاظت بھی آپ بغیر رشوت کے نہیں کر سکتے بلکہ یہ ایک ناممکن سی بات ہے۔ انصاف کا حصول نہایت مہنگا ہو گیا ہے۔ عدالتوں میں نچلے طبقے کے جتنے اہل کار ہیں وہ

بغیر پیسے اور رشوت کے بات تک کرنا گوارا نہیں کرتے اور مقدمات کے بارے میں تو یہ کہا جاتا ہے کہ جو آدمی مقدمہ جیتا وہ ہارا ، اور جو ہارا وہ مرا۔ جناب والا! پہلے لوگ اپنی جان و مال کی حفاظت کیا کرتے تھے۔ اب سب کو سب سے پہلے اپنے بچوں کی فکر لاحق ہے۔ آج کل اغواء کی وارداتیں اتنی زیادہ ہو رہی ہیں جن کا حساب لگانا مشکل ہے۔ جو بچے اکیلے گھروں سے نکل جاتے ہیں ان میں بہت کم خوش قسمت ہیں اور ان کی تعداد بہت کم ہے جو صحیح سلامت واپس آجاتے ہیں اور اغواء ہونے کے بعد یہی بچے پھر بیرون ملک بیچے جاتے ہیں۔ آئے دن اخبارات میں بھی اس سلسلے میں بیانات آتے رہتے ہیں۔ وہ بچے جو اپنے گھروں میں اغواء سے بچ کر پل کر جوان ہو جاتے ہیں تو بدقسمتی سے وہ منشیات کے عادی ہو جاتے ہیں اور پھر وہی نوجوان ڈاکہ زنی اور چوری پر اتر آتے ہیں ۔

جناب والا ! جب حکومت سرحد نے افیون کی کاشت پر پابندی لگانے کی کوشش کی تو ایک شور اور غوغا اٹھا۔ اسی حکومت کے مخالف ، سیاسی پارٹیوں کے لیڈر اس علاقے میں گئے اور وہاں جلسے اور جلوس نکالے اور بعض نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ آئندہ فصل کے لئے ہم آپ کو افیون کی کاشت کے لئے تخم دیں گے اور پھر دیکھیں گے کہ حکومت اس ضمن میں کیا کرتی ہے۔ میں حیران ہوں کہ یہ عوام دشمن سیاستدان اس غریب اور سادہ عوام کے ساتھ کیا کچھ نہیں کر رہے اور وہ کون سا کھیل ہے جو وہ ان کے ساتھ نہیں کھیل رہے ۔

جناب والا ! ملک میں مارشل لاء اٹھانے کے بعد وزیر اعظم پاکستان نے نہ صرف یہ کہ بنیادی حقوق بحال کئے بلکہ شرافت کی سیاست کی بحالی کی خاطر انہوں نے عوام کو اپنے مافی الضمیر کے اظہار کے لئے کھلی چھٹی دے دی۔ تقریر و تحریر کی جو آزادی آج کل ہے میں بلا خوف و تردید کہہ سکتا ہوں کہ وہ اس سے قبل عوامی دور میں بھی مہیا نہ تھی ۔ جناب والا ! جب وزیر اعظم پاکستان نے سیاسی تدبر سے کام لیتے ہوئے ۱۴ اگست کی میٹنگ یا جلسہ ملتوی کیا تو سیاستدانوں نے جو بہ خود غلط تھے اسے حکومت کی کمزوری پر محمول کرتے ہوئے من مانی کارروائیاں شروع کر دیں یہاں تک کہ ان میں سے بعض نے اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کے

[Mr. Mohammad Ali Khan]

نے وطن عزیز کے ایک حصے میں چوروں، ڈاکوؤں اور راہزنوں کو اپنے ساتھ ملا لیا۔ کیا آپ اس کو سیاست کہتے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ یہ صوبہ کا غنڈہ گردی ہے جس کا سدباب حکومت کا فرضِ اولین ہے۔ اگر فرضِ محال یہ پولیس کے بس کی بات نہیں رہی کیونکہ موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر ان کی تعداد بہت ہی کم ہے لیکن ملک میں امن وامان برقرار رکھنے کے لئے اگر موجودہ حکومت کو فوج کو بھی بلانا پڑے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا کیونکہ پچھلے ادوار میں بھی ملک کے ایک حصے میں فوج کو بلانا پڑا تھا۔ جناب والا! حکومت کو چاہیئے کہ تخریب کاروں اور مجرموں پر کڑی نگرانی رکھے اور ان کے جو امدادی ہیں، جو ان کو امداد دیتے ہیں، انہیں سہارا دیتے ہیں اور جو انہیں پناہ دیتے ہیں ان کے خلاف بھی کارروائی کرے۔ اگر فی الحال کوئی اور نہ ہو تو انہیں فوری طور پر اندر کرنا چاہیئے۔ یعنی ان کی نظر بندی کے احکامات جاری کئے جائیں۔ معاملہ کسی ایک صوبے کے امن وامان کا ہو یا سارے ملک کا ہو، جب تک حکومت اپنے آپ میں وہ حوصلہ پیدا نہیں کرے گی کہ وہ ہر چیلنج کا مردانہ وار مقابلہ کرے، بہتری کی کوئی صورت ممکن نظر نہیں آتی۔

جناب والا! اسی طرح سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کو بھی یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ تخریب کاروں کا سہارا لینے کی بجائے اگر وہ عوام میں اگر ملک کے استحکام اور اس کی تعمیر و ترقی کے لئے کوئی ٹھوس کام کریں تو یقیناً وہ اپنے لئے اس ملک کی تاریخ میں کوئی مقام پیدا کر سکیں گے لیکن چوروں اور ڈاکوؤں کا سہارا اگر وہ لیں گے تو تاریخ ان کو بھی اسی زمرے میں شامل کرے گی خواہ ہم اس وقت کچھ بھی نہ کہیں۔ جناب والا! اگر ملک کے ایک حصے میں بدقماشوں کا سہارا لیا جا رہا ہے تو دوسری طرف وطن دشمن عناصر نے چار ہم خیال سیاسی پارٹیوں کو یکجا کر کے اپنے غیر ملکی آقاؤں کے اشارے پر ایک سیاسی پارٹی بنا ڈالی ہے۔ اور افسوس اور حیرت کی بات یہ ہے کہ اس پارٹی کی تشکیل کے وقت ایک غیر ملکی سفارت کار بھی وہیں موجود تھا۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے اس بارے میں کیا قدم اٹھایا ہے۔ آیا حکومت اس کی تحقیقات کے لئے تیار ہے یا کوئی قدم اٹھانے کے لئے تیار ہے۔ جب یہ سب کچھ حکومت

کے علم میں پہلے سے تھا اور پھر اس نئی پارٹی کے ایک لیڈر کی روس جانے کے لئے راہ ہموار کی جا رہی تھی تو پھر بھی حکومت نے مصلحت پسندی سے کام لیا۔ جناب والا! کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ کیا روس کا کوئی مسلمان لیڈر اپنی حکومت کی اجازت کے بغیر پاکستان آ سکتا ہے اور اپنے ملک واپسی پر اس کے استقبال کا اسی طرح کا اہتمام کیا جا سکتا ہے۔ میں حیران ہوں کہ قبائلی علاقے میں اس نئی پارٹی کے لیڈر کے استقبال کی تیاریاں کس نے کیں۔ یہ اہتمام کس نے کیا، اس پر یہ جو زر کثیر خرچ ہوا ہے وہ کہاں سے آیا ہے۔ اس کے بارے میں کیا حکومت تحقیقات کے لئے تیار ہے یا اس بارے میں وہ کوئی قدم اٹھانے کے لئے تیار ہے؟ جناب والا! ایک طرف تو لوگ ملک دشمنیوں میں کھلم کھلا ملوث ہیں اور دوسری طرف انہیں حب الوطنی کے سرٹیفکیٹ عطا کئے جا رہے ہیں۔ کم از کم یہ پالیسی ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ جناب والا! پشتو میں ایک کہاوت ہے۔ اتنا میٹھا مت بنو کہ گڑ کی طرح لوگ تمہیں کھا جائیں، جہاں تک ملک میں امن و امان کا تعلق ہے۔ وہ ہم پر روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ اس پر بحث کرنا میں سمجھتا ہوں کہ سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہوگا۔

جناب والا! اس کے ساتھ ہماری سرحدات بھی نہایت ہی غیر محفوظ ہیں۔ افغان طیارے آج کل ہماری سرزمین پر مشق کر رہے ہیں۔ اور ہم ہیں کہ احتجاج پر احتجاج کئے جا رہے ہیں لیکن نام نہاد افغان حکومت اور ان کے غیر ملکی آقاؤں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی اور اگر ہم حکومت کے ناکام احتجاجات پر اس ایوان میں احتجاج کریں تو وہ حکمرانوں کے کانوں پر ذرا بھاری گزرتا ہے اور ان کی طبع نازک کے لئے برداشت کرنا ذرا مشکل ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی ہمیں الٹا کوسنے اور ٹوکنے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ جناب والا! آج کل قبائل میں بے انتہا پیسہ آ گیا ہے اور جدید اسلحہ بھی پہنچ رہا ہے اور ہمارا ایک ہمسایہ ملک ہمارے خلاف قبائلی لشکر بھی تیار کر رہا ہے۔ اگر اس بارے میں کوئی قدم نہ اٹھایا گیا یا ان کا قلع قمع نہ کیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ مزید مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ حکومت کو چاہیئے

[Mr. Mohammad Ali Khan]

کہ اس طرف بھی خاص توجہ دے۔

جناب والا! ایک طرف تو ہمارے ہاں افغانستان کی طرف سے تخریب کار بھیجے جا رہے ہیں اور دوسری طرف سے ہندوستان سے اسی قسم کے لوگ سندھ میں بھیجے جا رہے ہیں اور حیرت کی بات یہ ہے کہ ہندوستان واویلا کر رہا ہے کہ پاکستان سکھوں کی پشت پناہی کر رہا ہے اور انہیں وہاں پاکستان میں ٹریننگ دے رہا ہے۔ ہندوستان کے پالیسی سازوں نے اپنے وزیر اعظم راجیو گاندھی کے دماغ میں یہ بات بٹھا دی ہے کہ اگر تو نے ہندوستان پر حکمرانی کرنی ہے تو تمہیں پاکستان دشمن پالیسیوں کو اپنانا ہوگا۔ لہٰذا وہ جنگ کے بہانے تلاش کر رہے ہیں بلکہ مجھے تو یہاں تک کسی نے کہا تھا واللہ عالم، کہ کہاں تک یہ بات درست ہے کہ جس نے مجھے یہ بات بتائی تھی وہ ایک ذمہ دار آدمی تھا، کہ اندرا گاندھی نے آزاد کشمیر پر حملے کی تیاری مکمل کر لی تھی اور تاریخ کا تعین بھی کر لیا گیا تھا لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جس آگ میں وہ ہمیں جلانا چاہتی تھی اس میں وہ خود جل گئی۔ جناب والا! ان دونوں ممالک کے ففتھ کالم ملک میں دندناتے پھر رہے ہیں ان میں سے ایک نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ ہندوستان کو سندھ کی موجودہ صورت حال کے باعث وہاں مداخلت کا پورا پورا حق ہے۔ آپ نے بھی اخبار میں پڑھا ہوگا کسی ایک فرد واحد نے بھی حکومت کی طرف سے اسے کچھ نہیں کہا اور مجھے یقین ہے کہ کچھ نہیں کہا جائے گا۔ اس لئے وہ اور بھی دلیر ہوتے جا رہے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ صرف اور صرف شرافت نہیں چلے گی۔ شرافت کے دائرے میں رہتے ہوئے کبھی کبھی آنکھیں بھی دکھانی چاہئیں۔

جناب والا! چونکہ ملک بدقسمتی سے اندرونی خلفشار کا شکار ہے اور اس پر طرہ یہ کہ ہمسایہ ممالک سے ملک کے اندر وطن دشمن عناصر کی باقاعدہ پشت پناہی کی جا رہی ہے۔ لہٰذا اب حکومت کو خبردار ہونا چاہیئے یہاں آپ کے اسٹاک ایکسچینج کی حالت تباہ ہو گئی ہے، پاکستانی کرنسی کی قیمت گر رہی ہے اب اس کے ہم مزید

متحمل نہیں ہو سکتے۔ اب وقت آگیا ہے کہ محبِّ وطن افراد، سب مل کر میدانِ عمل میں کود پڑیں اور ان عناصر کا باقاعدہ مقابلہ کریں اور اس کا مقابلہ اس جوش اور جذبے کے ساتھ کریں جس جذبے کے ساتھ ہم نے اس ملک کو قائم کیا تھا۔ حالانکہ اس وقت بھی بڑے بڑے جبے اور دستار والوں نے پاکستان کے قیام کی مخالفت میں کوئی کمی نہیں چھوڑی تھی۔

جناب والا! جس نام پر ہم نے اس ملک کو حاصل کیا تھا بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہم نے اس سے بے اعتنائی برتی اور برت رہے ہیں اب بھی وقت ہے کہ ہم ملک میں صحیح طریقے سے اسلامی قانون کا نفاذ کریں تو یقیناً لوگ دوست اور دشمن کو پہچان لیں گے اور وہ خود میدان میں اتر آئیں گے اور اپنے دشمنوں کے ساتھ خود نپٹنے کے لئے تیار ہوں گے۔ جب معاشرہ ملک میں امر بالمعروف کی طرف مائل ہو جائے گا تو یقیناً امن وامان کی خرابی کے جو سارے سیاہ بادل ہیں وہ انشاءاللہ چھٹ جائیں گے اور ملک صحیح معنوں میں ایک فلاحی مملکت بن جائے گا جہاں نہ کوئی بندہ رہے گا اور نہ کوئی بندہ نواز۔ وآخرو دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب جوگیزئی صاحب سے پہلے جناب برہان الدین صاحب کی درخواست ہے کہ ان کو پہلے موقع دیا جائے۔ جی، برہان الدین صاحب۔

شہزادہ برہان الدین خان مجاہد: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اے خداوند پاک، ہماری قوم کو جرأت دے، ہمت دے اور ہماری قوم کے ایوان کو مضبوط کر اور سچ بولنے کا اور سچ کے اوپر عمل کرنے کا اور اس کے لئے قربانی دینے کا جذبہ ہمیں عطا فرما۔

جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس معاملے پہ مجھے بھی تقریر کرنے کا موقع دیا ہے۔ یہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ذمہ داری کی چیز ہے جو خاندان کا سربراہ ہوتا ہے اگر وہ مضبوط ہو، تو اس خاندان کے تمام افراد اس کے حکم کو مانتے ہیں مگر اس وقت پاکستان میں ذمہ داری کا مادہ کسی میں بھی نہیں ہے۔ کوئی بھی اپنے اختیارات سے ایک کتاب کو ادھر سے اٹھا کر ادھر نہیں

[Shahzada Burhanuddin Khan Mujahid]

رکھ سکتا ہے۔ جناب والا! سب سے پہلے پیغمبروں کا دور تھا، پھر بادشاہوں کا دور تھا اور پھر اس کے بعد ڈکٹیٹرز کا دور آیا اور یہ جو زمانہ ہے یہ puppets اور feudalists کا ہے۔ جب سے یہ مقبوضہ علاقے آزاد ہوئے ہیں جن میں افریقہ، ہندوستان، ایشیا کے علاقے شامل ہیں، یہ تمام آزاد تو ہوئے ہیں لیکن ان ممالک میں Puppets اور feudalists حکومتیں کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم لوگ نہ آج تک آزاد ہوئے ہیں نہ ہم صحیح معنوں میں اپنے ملک کو اسلامی مملکت بنا سکے ہیں اگر وہ لوگ جو ذمہ داری کو سمجھتے ہیں اور جو لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال کو سمجھتے ہیں ان کو مجرم سمجھا جاتا ہے، ان کو سزا دی جاتی ہے۔ میں مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ کراچی میں لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال خراب تھی اس کے گورنر کو برقرار رکھا گیا اور صوبہ سرحد میں لاء اینڈ آرڈر کی اچھی صورت حال ہونے کے باوجود اس کے گورنر کو ہٹا دیا گیا۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جو شخص لاء اینڈ آرڈر برقرار رکھتا ہے اسے ہٹا دیا جاتا ہے۔ اور جو لاء اینڈ آرڈر کو خراب کرتا ہے اس کو ترقی دیتے ہیں، اس لئے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس حکومت میں کوئی بھی لاء اینڈ آرڈر رکھنا نہیں چاہتا ہے، یہی چاہتے ہیں کہ مسلمان بدنام ہوں، اپنے لوگوں کے سامنے نااہل ٹھہریں یعنی لوگ کہیں کہ دیکھو یہ چور ہیں یہ بے ایمان ہیں۔ اس طریقے سے ان کے اوپر سے اعتماد اٹھ جائے اور بولیں کہ وہی جو پرانے حکمران تھے وہی اچھے تھے اور اسی پالیسی کے ماتحت یہ کام ہو رہا ہے آج تک ہوتا آیا ہے اور اب بھی ہو رہا ہے اور جہاں پر بھی اسلامی برادری تھی، اخوت تھی، اس کو برباد کر رہے ہیں، ذمہ داری بھی آئے گی اور ملک میں لاء اینڈ آرڈر بھی ہو جائے گا جب لوگوں کے بیچ میں حب الوطنی کا مادہ آجائے گا۔

اس وقت میں افسوس سے کہتا ہوں کہ آپ کچھ بھی کہیں، شروع سے لے کر آج تک ایک مسلمان کی حیثیت سے میں نے اس پاکستان کو اسلامی مملکت نہیں سمجھا ہے، نہ ہی میں نے آج تک اس کو آزاد حکومت سمجھا ہے۔ اگر ہم اپنے آپ کو اسلامی حکومت کہتے ہیں تو چالیس سال ہو گئے ہیں ہم نے اسلامی قانون کیوں رائج نہیں کیا ہے۔ اگر ہم آزاد ہیں تو ہم نے اپنی زبان آج تک کیوں رائج نہیں کی۔ ملک میں اگر فخر

کا مادہ آپ قائم کرنا چاہیں تو ہمیں اپنی زبان پر فخر ہونا چاہیئے۔ جب تک آپ اس انگریزی قانون اور اس انگریزی زبان کو ادھر سے نہیں ہٹائیں گے میں آپ کو بولتا ہوں کہ نہ آپ آزاد رہ سکتے ہیں نہ ہی آپ مسلمان ہو سکتے ہیں اگر آپ لوگ سب جرأت سے اور ایمانداری سے اس کے لئے عزم کریں کہ آج سے ہم اس ملک کو آزاد کریں گے تو میں بولتا ہوں کہ ہماری بھائی بندی بھی ہو جائے گی اور ہمارا ملک بھی مضبوط ہوگا اور اسلام بھی ہم قائم کریں گے اور کوئی بھی ہماری طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکے گا۔ ہمارے ڈر کی وجہ یہی ہے کہ ہم ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے۔ اسی لئے جبکہ آپ بولتے ہیں کہ پاکستان کو بنے چالیس سال ہو گئے ابھی لوگوں کا یہ خیال ہے کہ پاکستان کو توڑیں گے، بھائی یہ کوئی کھڑا ہے کہ کوئی اس کو توڑے گا، اگر ہم میں ایمان ہو تو کوئی اس کو توڑ نہیں سکتا۔ اگر ایمان کی کمزوری ہے اور ہم میں اتحاد نہیں ہے تب جا کر اس کی بات کریں کہ یہ ٹوٹے گا۔ اگر پاکستان آپ نے بنایا ہے تو اس کے لئے قربانی دینے کے لئے بھی تیار ہو جائیں۔ اسے اسلامی مملکت بنانے کے لئے بھی آپ تیار ہو جائیں، تب جا کر اس میں اسلامی حکومت قائم ہو جائے گی اور لوگوں کا اعتماد حاصل ہو جائے گا میں تو بولتا ہوں کہ سب سے پہلے جن جن علاقوں میں اسلام تھا ان کو پاکستان مضبوط کرے ان کی بھائی بندی کو مضبوط کرے لیکن جن میں مضبوطی تھی ہم نے ان کو کمزور کر لیا ہے دیکھئے بلوچستان سب سے بہترین علاقہ تھا، سب سے اچھے مسلمان تھے، سب سے زیادہ ان میں اتفاق تھا اس چیز کو کس نے بگاڑا اور جب میں یہ کہتا ہوں تو لوگ کہیں گے کہ یہ کیا کہتا ہے، یہ مسلم لیگ حکومت نے بگاڑا، چترال میں اسلام تھا، بھائی بندی تھی، محبت تھی، ہم لوگوں نے کشمیر میں جا کر لڑائی کی اور سکردو کو لیا اور ہم نے بڑی بڑی خدمات انجام دیں اور آخر میں اس کا انجام کیا ہوا کہ جیسے قائداعظم اس دنیا سے چلے گئے انہوں نے ہم کو توڑ پھوڑ کر ناس کر کے رکھ دیا۔ تو اس طریقے سے ہم میں کس طریقے سے اعتماد ہوگا کہ یہ اسلامی حکومت ہے۔ اسلامی حکومت تو لوگوں کو مضبوط کرتی ہے جو اسلام کے لئے خدمت کرتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کرتی ہے لیکن اسلام کے لئے لوگوں نے جو قربانیاں دی تھیں ان کو برباد کر دیا گیا

[Shahzada Burhanuddin Khan Mujahid]

تو کس طریقے سے ہم کہیں کہ یہ اسلامی حکومت ہے۔

دوسری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہ مہاجرین جو آئے ہیں، میں نے ۱۹۷۸ء میں صدر صاحب کو ایک کاغذ لکھا کہ آپ ان کو کم سے کم چترال میں نہ رکھیں کیوں کہ چترال جو ہے یہ ورخان سے لے کر ارنگو تک دو سو میل روس اور افغانستان کی سرحد کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ آپ ان کو لے جائیں، نیچے میدانوں میں رکھیں، شہروں سے دور رکھیں اور ان لوگوں کے ساتھ ملنے مت دیں اور ان سے ساتھ ایسا سلوک کریں جیسا contagious disease کے ساتھ کرتے ہیں۔ لیکن اس کو صدر نے for comments ایک ڈپٹی کمشنر کے پاس بھیجا چترال میں؛ اور ڈی سی نے اس کو واپس بھیجا اور بس وہ چلا گیا۔ اور اس وقت چترال جس میں ہم لوگوں نے چار سو سال سے افغانوں کو، تاجکوں کو آنے نہیں دیا تھا، سینہ سپر ہو کر نہیں آنے دیا تھا، لیکن انہوں نے ان سے ہمارے ملک کو بھر دیا تھا، وہ ادھر ہیں، ہتھیار ان کے پاس ہیں، ہمارے ملک کا جو نظام تھا اس کو حکومت نے تتر بتر کر کے توڑ کے رکھ دیا، ہماری بھائی بندی کو توڑ کے رکھ دیا اب ہم دوسروں کے رحم و کرم پر ہیں۔ تو ہم حکومت کو کہتے ہیں کہ اگر یہ لاء اینڈ آرڈر چاہتے ہیں تو خود لوگوں میں مضبوطی پیدا کریں، ہم خود اس لاء اینڈ آرڈر کو قائم کریں اور اپنے افسروں میں اعتماد پیدا کریں ان کو بولیں کہ تمہارا لاء اینڈ آرڈر کیوں ٹھیک نہیں ہے۔ اب وزیر اعظم صاحب کو تمام جگہوں میں جانے کی ضرورت بھی نہیں ہے، کسی بھی جگہ بیٹھ کر ٹیلیفون اٹھا کر حکم دیں کہ یہ تمہارا لاء اینڈ آرڈر کیوں ٹھیک نہیں ہے، یہ تمہارے ہاں حالات کیوں ٹھیک نہیں ہیں تم کیوں اس کا بندوبست نہیں کرتے ہو تو خود بخود سب ٹھیک ہو جائیں گے۔ مگر یہ کیا کہ ہر ایک جو کچھ کرتا ہے کسی میں ذمہ داری کا مادہ نہیں ہے، کیا آج تک کسی ایک آدمی کو ہٹایا ہے؟ کتنے شیعہ مسلم فسادات ہوئے ہیں، آج تک کسی ایک آدمی کی نشاندہی کسی نے کی ہے۔ ایک کو پکڑو، اس کو لا کر بر سر بازار اس کا سر اڑاؤ، پھر دیکھیں کہ کل کوئی جھگڑا نہیں کرے گا۔ میں نے صدر صاحب سے ملاقات کی۔ میں نے ان سے کہا کہ صاحب آپ اتنے آرڈیننس نکالتے ہیں ایک

حکم نکالو کہ جو آدمی جس فرقے سے بھی تعلق رکھتا ہو اگر اس نے کسی دوسرے فرقے کو انگلی دکھائی اور اس کی وجہ سے فسادات ہو گئے تو ہم اس کا سر کٹا دیں گے عوام کے سامنے۔ اگر ایسا کریں تو پھر یہ فرقہ وارانہ فسادات ختم ہو جائیں گے، لیکن یہ تو کوئی کرتا نہیں ہے۔ فرقہ وارانہ فسادات کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، آج تک کسی ایک آدمی کو پکڑا نہیں ہے تو کون ذمہ دار ہے اس کا۔ پولیس ذمہ دار ہے، انٹیلیجنس ذمہ دار ہے، کیا انیٹلی جنس کا صرف ایک کام ہے کہ وہ صرف ان لوگوں کے برخلاف رپورٹیں دیں، میرے جیسے غریبوں کے خلاف جو انگریزوں کے خلاف جدوجہد کرتے رہے ہیں۔ کہ بس ان ہی کو رگڑے چلو، تو آپ کا انیٹلی جنس کو حکم ہونا چاہیئے کہ وہ باقاعدہ صحیح رپورٹ کریں کہ کون افسر صحیح ہے کون غلط ہے اور کون اس لا اینڈ آرڈر کو ٹھیک کرنے میں اپنا فرض منصبی ٹھیک ادا نہیں کر رہا۔

اب آپ لوگوں نے اسلامی محتسب رکھا ہوا ہے، اسلامی محتسب اس آدمی کو ہونا چاہیئے جو کہ اسلام کی ہر چیز سے واقف ہو جو کہ اسلامی حکومت بھی سمجھتا ہو اور پاکستان کو تو چھوڑیں جو دوسرے ممالک ہیں ان پر بھی اثر پڑے کہ دیکھو فلاں ملک میں اسلامی محتسب آگیا ہے اور محتسب وہ ہوگا جس کو کسی کا ڈر نہیں ہوگا، وہ صدر کو، وزیر اعظم کو بلائے گا کہ آپ کے خلاف یہ شکایت کیوں ہے۔ یہ تو ہے نہیں، آپ ایسے ہی خانہ پری کر رہے ہیں، خواہ آپ کے وزیر ہیں، خواہ آپ کے جرنیل ہیں، صرف بس خانہ پری کے لئے ہیں، کسی میں بھی لیاقت نہیں ہے، سب خانہ پری ہے تو کس طریقے سے ہم قوم بن سکتے ہیں، ہم کس طریقے سے اس قوم کو صحیح معنوں میں اوپر اٹھا سکتے ہیں جب تک ہم میں ایمان کا جذبہ نہ ہو، میں بولتا ہوں کہ خدا ہم سب کو توفیق دے کہ اللہ تعالی ہماری آنکھوں کے سامنے سے اس پردے کو ہٹائے، اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں کو کھول دے، اللہ تعالی ہمیں ذلت اور عزت میں فرق کرنے کی تمیز دے اور آزادی اور غلامی میں فرق کرنے کی تمیز دے اور اللہ تعالیٰ ایمان کے ساتھ ہم سب لوگوں کو اس ملک کا ایک صحیح شہری بنا کر اس کی خدمت کرائے اور کوئی مسلمان اپنے آپ کو کسی دوسرے مسلمان سے بالاتر نہ سمجھے اور

[Shahzada Burhanuddin Khan Mujahid]

سب کے سب ہر ایک کو اپنا بھائی اور خود کو ان کا خدمت گار سمجھے۔

دیکھئیے ہم لوگوں سے گلہ کرتے ہیں کہ ذمہ داری کسی میں نہیں ہے۔ ممبران قومی اسمبلی ہیں ہم سینیٹرز ہیں ہم تین گھنٹوں کے لئے آتے ہیں اور قوم کا کتنا کچھ خرچ ہوتا ہے، کتنی شرم کی بات ہے کہ ہم اس تین گھنٹے کے لئے بھی ادھر پوری حاضری نہیں دے سکتے اور کورم کی وجہ سے ہاؤس کو ملتوی کرنا پڑتا ہے، کیوں کورم توڑا جاتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ خدا کے واسطے اسلامی جذبہ اپنے آپ میں پیدا کریں اور ذمہ داری کا مادّہ لائیں اور سب یہ بولیں کہ ہم خدا کے سامنے اپنے آپ کو کبھی جھوٹا نہیں بنائیں گے، ہم خدا کے سامنے اپنا منہ کالا نہیں کریں گے، ہم صرف اللہ کے سامنے جھکیں گے اور ہم اس ملک کو صحیح معنوں میں آزاد دیکھیں گے اور ہم اس میں ایک صحیح معنوں میں اسلامی حکومت قائم کر کے رہیں گے، نہیں تو ہم اپنی جان بھی قربان کر دیں گے۔

جناب میں آپ کا ان الفاظ کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب قائمقام چیئرمین : ماشاء اللہ آپ نے بڑی اچھی دعائیں کی ہیں اور میر نواز خان مروت صاحب پر بہت اثر ہوا ہے آپ کی اس تقریر کا، بنی بخش زہری صاحب۔

میر بنی بخش زہری : عزت مآب چیئرمین صاحب! میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ آپ نے اجازت دی اور اس ملک کے امن و امان کے متعلق مجھے بات کرنے کا موقع ملا۔ میں تمہید ان الفاظ کے ساتھ کرتا ہوں، میں شعر و شاعری میں کمزور ہوں اور نہ میں شاعر ہوں، میں دوسروں کے چیدہ چیدہ اچھے الفاظ آپ کی وساطت سے پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہیں

آج ہم اپنی پریشانیٔ خاطر ان سے
کہنے جاتے تو ہیں پر دیکھئیے کیا کہتے ہیں

تو سر! آج امن و امان جو زیرِ بحث ہے اور چند دن پہلے سے زیرِ بحث ہے اور ممکن ہے آپ مزید بحث کی ممبران کو اجازت دیں گے۔ میں خوشامدی نہیں، پارٹی کی حیثیت سے نہیں، بلکہ عملاً ایک باعزت جمہوری انداز میں بات کرتا ہوں۔ ہمارے پرائم منسٹر نے یقیناً ہمارے وزیر داخلہ کو اجازت دی تھی،

اور وزیرِ داخلہ کو میں مبارکباد دیتا ہوں انہوں نے از خود اس مسئلے کو اس معزز ایوان میں پیش کر دیا ، یہ مسئلہ ہمارے بھائیوں کی طرف سے یا اپوزیشن کی طرف سے نہیں اٹھایا گیا بلکہ خود گورنمنٹ یہ چاہتی تھی کہ اس معزز ایوان کے سامنے پیش ہو ، اور ہر ایک آزادی کے ساتھ اپنا نقطہ نظر پیش کرے ۔ چونکہ یہ ملک بھر کے امن و امان کا مسئلہ ہے جس میں ہم سب شامل ہیں چاہے وہ غریب ہے چاہے وہ دکاندار ہے چاہے وہ انڈسٹریلسٹ ہے ، چاہے وہ بنک والا ہے ، چاہے وہ سینیٹر ہے ، چاہے وہ ممبر نیشنل اسمبلی ہے اور جناب آپ بھی اس میں شامل ہیں تو یہ ایک قابل صد مبارک بات ہے اور یہ جمہوریت کا آخری انتہائی ثبوت ہے کہ خود وزیرِ داخلہ اس مسئلے کو اس ایوان میں پیش کرتے ہیں کہ بتایئے گورنمنٹ اور اپوزیشن اس مسئلے پر اپنی کیا رائے دیتی ہے تاکہ اس سے استفادہ کیا جائے اس کا مطلب یہ ہے ۔ کہ وہ یہ بھی سمجھ سکتے ہیں ، یا سمجھتے ہیں کہ ممکن ہے کہ ایڈمنسٹریشن میں کوئی خامی ہو اور ان کے جو ذرائع ہیں ان میں شک ہو تو انہوں نے اپنی صداقت سے یہ مسئلہ یہاں پیش کر دیا کہ آپ ہماری رہبری کریں ، یہ خوشامد نہیں ہے یہ ایک ایسی چیز ہے جو کہ حقیقت ہے دوسرے ملکوں میں جمہوریت ضرور ہے مگر اپوزیشن اس پر insist کرتی ہے کہ حکومت اس مسئلے کو ہاؤس میں لائے اور حکومت اسے ہاؤس میں لاتی ہے ۔

ہم سب اس ملک کے باشندے ہیں ہمارا صرف رائے کا اختلاف ہے ہم سب بھائی ہیں ، آج ہم اس پارٹی میں ہیں لیکن وہ لوگ اور پارٹی میں ہیں ۔ تاہم ہم باہر جا کر گلے ملتے ہیں ، اس ہاؤس میں ہم گلے ملتے ہیں ، ہم بھائی ہیں ، پاکستانی ہیں ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر امن و امان کی صورت اتنی بگڑی ہوئی ہے تو ہمارے دوست ہمارے بھائی اپوزیشن کے لوگ اس مسئلے کو پیش کرتے کہ کیا ہو رہا ہے اگر وہ اس وقت پیش نہیں کر سکے تو دال میں کچھ کالا ضرور ہے کیونکہ یہ ان کا فرض ہے کہ وہ حکومت کے نقائص اور حکومت کی کمزوری کو پوائنٹ آؤٹ کریں ، نہ کہ حکومت خود اپنے آپ کو پیش کرے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں نام لے کر کہوں کہ اسلم خٹک نے یہ بہت بڑا قدم جمہوریت کے لئے اور ملک کے

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

لئے اٹھایا ہے میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں اور میں وزیر اعظم پاکستان کو صد مبارک باد دیتا ہوں، کیونکہ ان کی اجازت کے بغیر شاید وزیر داخلہ صاحب یہ کام نہ کر سکتے۔ میں کیبنٹ کے ممبروں کو بھی مستحق مبارک باد سمجھتا ہوں کیونکہ ہم نے امن و امان کی حالت اور صورت دیکھی ہے اور دیکھتے رہے ہیں۔ ہماری پوزیشن یہ تھی کہ پارٹی ڈسپلن کے تحت ہم پارٹی میں کہیں اور اس اسمبلی میں ہم اپنی گورنمنٹ کے خلاف کچھ نہ کہیں، مگر یہ دیکھئے کہ کیا ہوتا ہے کہ خود ہماری حکومت وہ مسئلہ یہاں پیش کرتی ہے کہ ہمارے آنریبل ممبرز اور اپوزیشن اپنی صلاحیتوں سے ہماری رہبری کرے، یہ کسی مخالفت یا بغض کے تحت پیش نہیں کیا بلکہ بہت اچھا آئیڈیا ہے اور میں خوش ہوں، میں چاہتا ہوں کہ امن و امان کے متعلق میں اپنے ان دوستوں اور ان آنریبل سینیٹروں کا ساتھ دوں جو باصلاحیت ہیں اور جنہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے کہ واقعی ملک کے اندر کسی صوبے میں زیادہ اور کسی صوبے میں کم امن و امان کی صورتحال صحیح نہیں ہے اور اس کو وہ ادارہ جس کو ہم اپر ہاؤس کہتے ہیں، جس کو سینیٹ کہتے ہیں، زیر بحث لائے، ایک تجویز ہو، یہ نہیں ہے کہ "نشستند و گفتند و برخاستند"، ہو ہماری جو تقاریر ہیں وہ بڑی اچھی ہیں لیکن جب تک میں بیٹھا تھا کوئی تجویز سامنے نہیں آئی کہ ہونا کیا چاہیئے، بیماری تو ہے اس کی تشخیص ہم کر رہے ہیں مگر علاج کیا تجویز کریں، میں چاہتا ہوں کہ جو صاحبان اس پر اس کے بعد تقریر کریں وہ اس چیز کو ذہن میں رکھیں کہ بیماری ہوتی ہے، ڈاکٹر دیکھتا ہے، تشخیص ہوتی ہے مگر یہ کافی نہیں ہے بلکہ اس کے علاج کے لئے ڈاکٹر کوئی نسخہ دے اور ٹرائی کرے کہ یہ ٹیبلٹ ٹھیک لگتا ہے یا نہیں۔ اور ڈاکٹر اس کو اکثر کسی بیمار کے لئے change کرتے رہتے ہیں۔ ملک میں یہ بھی ایک بیماری ہے۔

پس میں کہنا چاہتا ہوں کہ ملک کی امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کو دیکھتے ہوئے اپوزیشن کا یہ زیادہ فرض تھا کہ حکومت سے کہتی کہ اس پر بحث کرو کیونکہ حالات ٹھیک نہیں ہیں۔ چاہے ایک صوبے میں ہے یا دوسرے صوبے میں ہے۔ اب اگر ہمارے اپوزیشن بھائیوں نے یہ فرض منصبی ادا نہیں کیا تو slogan تو ہر ایک

لگا سکتا ہے کہ روٹی، کپڑا، مکان۔ اس کا توڑ نظام مصطفےٰ ہے۔ یہ ہم نے دیکھا اور اس کا تجربہ بھی کیا ہے۔ ماضی میں یہ دونوں نعرے ایک شخص کو نکالنے اور دوسرے کو رکھنے کے لئے لگتے رہے۔ اب یہ امن و امان ہمارے معاشرے میں بہت کچھ اثر کر گیا ہے۔ جناب چیئرمین: مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ ہم نے ماضی میں دیکھا کہ یہ ہمارے جذباتی نعرے بڑا اثر کرتے تھے۔ اس وقت جمہوریت کی بنیاد پر پارلیمنٹ موجود تھی۔ یہ نیشنل اسمبلی اور سینیٹ موجود تھے۔ حکومت کی میجارٹی تھی۔ ہر حکومت میں اسی طریقے سے جلسے جلوس ہوتے تھے اور نعرہ بازی ہوتی تھی جس کو غریب عوام نہیں سمجھتے تھے۔ کراچی میں میں نے دیکھا یہ دونوں slogans روٹی، کپڑا اور مکان اور نظام مصطفےٰ بڑے لائق لوگوں نے بیٹھ کر بنائے ہماری قوم کی غربت یا ان کے ذہن کو سمجھا اور یہ نعرے لگا کر ایک ایک صدر یا وزیر اعظم کو نکالا۔ ہاؤس میں حکومت یجارٹی میں ہے۔ اکثریت میں ہے اور اگر پارلیمنٹ میں اکثریت حکومت کی ہو تو کوئی وجہ نہیں ہو سکتی کہ سڑکوں پر وہ (اپوزیشن) چودہ، چودہ گھنٹے تک جلوس نکالیں اور پھر مارشل لاء آ جائے، فائرنگ ہو جائے۔ دوسرے ملکوں میں جنہیں جمہوری کہتے ہیں وہاں ایسا نہیں ہے سر! مجھے اجازت دیجئے کہ میں یہ کہوں کہ یہ ہمارا سلسلہ ماضی کی طرح نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ لوگوں کو وہ جذباتی بات کہہ دیتے ہیں بعض علاقے کے لوگ اس سے اثر لے لیتے ہیں۔ اثر کی وجہ سے ان کو ووٹ بھی مل جاتے ہیں اور بعد میں وہ گورنمنٹ ختم ہو جاتی ہے کاش کہ وہ اکثریت، اقلیت میں ہو جاتی تو وہ اپوزیشن میں بیٹھ جاتی۔

دوسرے ملکوں میں یہ پریکٹس ہوتی ہے جو ایک صحیح چیز ہے۔ ہم یہاں جلوس نکالتے ہیں اور نعرہ بازی کرتے ہیں اگر وہ نعرے عوام کے پسندیدہ ہوں یا جیسے کہ کہتے ہیں کہ باہر سے یا اندر سے ان کے ساتھ لوگ مل جاتے ہیں۔ راستے کی سوزوکیوں، بسوں اور ٹرکوں اور دوسری گاڑیوں کے مسافر ان سے آ ملتے ہیں۔ اس طرح لاکھوں آدمیوں کے جلوس میں نے دیکھے ہیں بلکہ میں نے ایک سربراہ جماعت کو دو مرتبہ دیکھا جو جلوس میں ہمیشہ تانگے یا ٹرک میں بیٹھتا تھا۔ اس سربراہ نے فیلڈ مارشل ایوب خان

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

کو سڑکوں کے جلوس میں گرایا اور مارشل لاء آیا۔ حالانکہ ایسا ہونا نہیں چاہیئے تھا۔ کیونکہ یہ جمہوریت ہے۔ جمہوریت کی بنیاد ہی یہ ہے کہ منتخب نمائندوں کی اکثریت حکومت کرنے کی حقدار ہے۔ جو اقلیت میں ہیں وہ اپنی بات یہاں پیش کریں اور جلسے جلوس بھلے کریں۔ مگر یہ کبھی نہیں ہوتا کہ سٹریٹ جلوس ہوں جن میں چند افراد ہلاک ہوں تو مارشل لاء آجائے کیونکہ دو فائرنگ سے ہلاک ہو گئے ہو سکتا ہے کہ یہ فائرنگ چاہے کسی سیکشن سے ہوا، کسی وجہ سے ہوا اور لوگوں کو وہ وجہ بھی معلوم ہو لیکن اس کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے ایک دم بدامنی پھیل جاتی ہے۔

آج ہم اس مسئلہ کو ایوانِ بالا یعنی سینیٹ میں لائے ہیں اور قومی اسمبلی بھی اس پر غور کر رہی ہے اور وہ بھی اپنی opinion دے رہی ہے۔ اب میری عرض یہ ہے کہ جب بیماری معلوم ہے، تشخیص معلوم ہے مگر اس کے لئے جو دوا ہے وہ ہمارے ڈاکٹر تجویز نہیں کرتے۔ ڈاکٹر کون ہیں یہ جو دو ہاؤس ہیں جس میں سینٹ ہے اور قومی اسمبلی ہے۔ ہم عوام کے نمائندے یہاں آئے اور جس طریقے سے آئے وہ بھی ایک جمہوری طریقہ ہے ۔۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین: جناب زہری صاحب اگر مجھے اجازت دیں تو میں عرض کروں گا کہ یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ ایک صوبہ کے لوگوں کو بلوایا ہے یا دوسرے صوبے کے لوگوں کو بلوایا ہے بہر حال یہ سینیٹ کو معلوم ہے کہ آج آٹھ بجے وزیراعظم صاحب کے ساتھ کھانے کا وقت بھی مخصوص تھا تو ۔۔۔۔ (مداخلت)

میر نبی بخش زہری: میں چند الفاظ میں وائنڈ اپ کرتا ہوں۔ جناب میرا مقصد یہ ہے کہ ہماری برادری نے چاہے حکومتی پارٹی میں ہو یا اپوزیشن میں ہو، یہ تسلیم کیا کہ امن وامان صحیح نہیں ہے۔ اس کے لئے میری تجویز یہ ہے کہ سینٹ کا ایوان امن وامان کی صورتحال سمجھنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دے جس میں مختلف صوبوں

کے نمائندے شامل ہوں۔ جن کو آپ خود nominate کریں یا دوسرا طریقہ استعمال کریں۔ جو ہمارے وزیر داخلہ کو مزید مدد دینے کے لئے وہاں جائیں اور اپنے نقطۂ نظر سے معلومات حاصل کریں۔ وہ ہر جگہ جائیں حکومت سے اور غیر حکومت سے، اپنی حکومتی پارٹی سے اور اپنی اپوزیشن سے بھی ملیں، وہ ہمارے بھائی ہیں ان سے معلومات حاصل کریں۔ ان سے میٹینگ کریں۔ ان کو آپ اجازت دیں کہ وہ ہر جگہ جائیں انکے لئے ایک مدت مقرر کریں تاکہ اس چیز کے لئے ایسے سنجیدہ لوگ مقرر کیے جائیں جن کی respect ہو جن کو سمجھ ہو اور یہ کمیٹی اپنی سفارشات اور معلومات اس ایوان میں پیش کرے۔ لیکن کمیٹی کے ارکان بڑے سنجیدہ ہوں، جذباتی بھی نہ ہوں اور صحیح صورتحال جمع کر کے لائیں اور ایک رپورٹ ہر ایک کی ٹیبل پر موجود ہو تا کہ اس سے بہتر نتیجہ نکلے، اسی طرح سے نیشنل اسمبلی کی بھی کمیٹی بن جائے یہ جُدا جُدا اس لیے بن جائیں کہ وہ اپنی اپنی opinion لائیں۔ ہو سکے تو آخر وقت میں دونوں کمیٹیاں آپس میں بیٹھ کر رائے قائم کریں۔ اگر بیٹھنے کی ضرورت نہ ہو تو پھر ہر ایک کا ہاؤس الگ ہے۔ وہ اپنے ہاؤس میں پیش کرے۔ تب جا کر اچھی تجویز سامنے آسکتی ہے۔

میں دہراتا نہیں ہوں کہ باہر سے کتنا دباؤ ہے اور اندر سے نمائندے کون ہیں یہ سب کو معلوم ہے۔ ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ جس حد تک مجھے معلوم ہے، ممکن ہے دوسرے سینیٹرز کو بھی معلوم ہو۔ پھر یہ ایک حقیقت ہے۔ ایک فیصلے پر پہنچنے سے حکومت کو رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ حکومت بیٹھی ہوئی ہے۔ وہ کہاں کہاں جائے گی اور اس کے افسر کس طرح سے کام کرتے ہیں۔ ہم لوگ جب جائیں گے تو ہمیں کچھ زیادہ معلومات حاصل ہوں گی۔ حکومت کو وہ معلومات فائل سے حاصل ہوتی ہیں۔ جو بھی لکھا جائے وہ آنریبل وزیر داخلہ تک پہنچتا ہے۔ سی آئی ڈی کی رپورٹس ہیں اور کتنے ہی ہمارے نظام اطلاعات پہنچاتے ہیں۔ پریذیڈنٹ صاحب تک، ملٹری تک، پرائم منسٹر تک، وزیر داخلہ تک۔ یہ کنفیوژن ہے۔ مگر میرے خیال میں معاملہ بالکل صاف ہے۔ میں یہ دعوٰی نہیں کرتا کہ میں عقل مند ہوں ناقص العقل کی حیثیت سے بالکل ہمیں ایسا نظر آتا ہے کہ جیسے جناب

[Mir Nabi Bukhsh Zehri]

بلڈنگ کے آس پاس لوگ بیٹھے ہیں۔ ہم جانتے ہیں اور یہ کہنا کہ ایک صوبے میں زیادہ ہے دوسرے میں کم ہے اس کی بھی ایک تکنیک ہے۔ ہر جگہ یہ مسائل موجود ہیں۔ میں تجویز کرتا ہوں کہ ایک کمیٹی بنائیں چاہے وہ گیارہ آدمیوں کی ہو۔ سینٹ کی ہو اور اسی طرح سے نیشنل اسمبلی کی بھی ہو۔ اور وہ دورے کرے تاکہ زیادہ تر حقیقت معلوم ہو جائے۔ یہ میری تجویز ہے۔

ایک ہے تشخیص، ایک ہے تجویز۔ تشخیص میں سب متفق ہیں کہ امن وامان درہم برہم ہے۔ جس کو وزیر داخلہ نے یقیناً نیک نیتی یا مجبوری سے اس ہاؤس کے سامنے پیش کیا ہے۔ تو ہم تعاون کے لئے تیار ہیں۔ کمیٹی بن جائے۔ کمیٹی کو آپ حکم دیں کہ وہ اتنے دنوں میں دورہ کرے اور آفیشلز سے ملے۔ پبلک سے ملے، اپوزیشن سے ملے۔ اپنی پارٹی سے ملے۔ ہر صوبے میں جا کر وہ رپورٹ مرتب کرے۔ آپ کے سامنے لائے اور آپ ہاؤس میں پیش کریں کہ یہ کمیٹی کی رپورٹ ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں کیونکہ میں سن چکا ہوں کہ دعوت ہے۔ حالانکہ میں نے نوٹ بہت کچھ کیا تھا۔ آپ کی مہربانی کہ اس دعوت کی وجہ سے آپ نے مجھے اتنا موقع دیا اور پھر یہ فرمایا کہ جلدی جانا ہے تو بڑی خوشی کی بات ہے کہ کھانا کھانا زیادہ بہتر ہے مقابلۃً ملک پر ڈسکشن سے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جو کچھ آپ نے فرمایا بالکل ٹھیک ہے۔ میرا خیال یہ تھا کہ آپ اپنے جن خیالات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں وہ وقت کی کمی کی وجہ سے باقی نہ رہ جائیں۔ چونکہ کورم اس وقت بھی کم ہے اور اس سے دس منٹ پہلے بھی کم تھا، تو میرا خیال تھا کہ کوئی دوست اس کو پوائنٹ آؤٹ نہ کر دے۔ میں نے سوچا کہ جناب نبی بخش زہری صاحب پرانے پارلیمنٹیرین ہیں۔ یقیناً آپ کی تجاویز ملک وقوم کے لئے فائدہ مند ہوں گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے امن وامان کی اگر بات ہے تو معزز اراکین سے ریکوئسٹ کی جا سکتی ہے۔ بصد شوق آپ بارہ بجے تک بیٹھیں۔ شروع کریں۔ اگر آپ کو ہاؤس اجازت دیتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

میر نبی بخش زہری : نہیں جناب۔ وزیر اعظم صاحب نے جو دعوت دی ہے...

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین : وزیر اعظم صاحب کی دعوت ، جیسے آپ نے فرمایا کھانے کی ہے ۔ نہیں ۔ آپ یقین کیجئے اس بات کا کہ کورم کی کمی کے باوجود میں نے چاہا تھا کہ آپ کی تقریر مکمل ہو جائے اور کورم کو کوئی دوست پوائنٹ آؤٹ نہ کر دے. وہ کورم کو بار بار دیکھ رہے تھے اور ممبران کی گنتی ہو رہی تھی ۔ میں نے سوچا کہ جناب بنی بخش زہری صاحب پرانے پارلیمنٹرین ہیں اور یقیناً وہ ایسی تجاویز دیں گے جو ملک و قوم کے لئے فائدہ مند ہوں گی اس لئے میں نے یہ بہانہ بنایا تھا ۔ اجلاس بروز اتوار مورخہ ۵ راکتوبر ۱۹۸۶ء شام پانچ بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے ۔

---

[*The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Sunday, October 5, 1986*].

PCPPI/3140(88) Senate—7-9-88—